## گینگ ریپ کے ملزم کی درخواست ضمانت مسترد

**ممبئی: (ایجنسی)** بمبئی ہائی کورٹ نے 2020 میں ایک نابالغ کے ساتھ اجتماعی عصمت دری کے الزام میں گرفتار کیے گئے شخص کو ضمانت دینے سے انکار کردیا ہے۔ کورٹ نے کہا کہ یہ معاملہ بہت سنگین نوعیت کا ہے، نیز اور متاثرہ اور اس کے والد کے طرز عمل سے صاف ظاہر ہوتا ہے کہ ملزمان گواہوں کو متاثر کر رہے ہیں۔ عدالت نے یہ بھی نوٹ کیا کہ سنگین اور سنگین جرائم سے متعلق مقدمے کی سماعت میں محض تاخیر اور خود ملزم کی طویل قید میعاد ضمانت دینے کی بنیاد نہیں بن سکتی ہے۔ جسٹس مادھو جابدار نے سیشن کورٹ کو پیش کی سماعت فوماہ میں مکمل کرنے کی بھی تاکید کی ہے۔ ملزم سومناتھ کا نیکواڑ نے درخواست میں دلیل دی تھی کہ اکتوبر 2020 میں گرفتاری کے بعد سے وہ جیل میں بند ہے اور مقدمے میں کوئی پیش رفت نہیں ہورہی ہے۔

# ہیڈلی کا مبینہ ساتھی راجہ رام ریگے ماہم سے گرفتار

### ممبئی میں کولکاتہ پولیس کی کارروائی، ممتا بنرجی اور ابھیشیک بنرجی کو جان سے مارنے اور کولکاتہ میں 26/11 جیسے حملے کی سازش رچنے کا الزام

**محمد جاوید شیخ**

**ممبئی: (ایس این بی)** مغربی بنگال کی وزیر اعلیٰ ممتا بنرجی اور ان کے بھتیجے ابھیشیک بنرجی کو جان سے مارنے کی دھمکی دینے کے الزام میں کولکاتہ پولیس نے ممبئی پولیس کے تعاون سے ماہم علاقہ سے ایک شخص کو گرفتار کیا ہے۔ گرفتار شخص کی شناخت راجہ رام ریگے کے طور ہوئی ہے جس کے مبینہ طور پر 26/11 ممبئی دہشت گرد حملوں کی سازش رچنے والے ڈیوڈ کولمن ہیڈلی کے تعلقات تھے۔ کولکاتہ پولیس کے مطابق ریگے وزیر اعلیٰ ممتا بنرجی اور ان کے بھتیجے ابھیشیک بنرجی کو جان سے مارنے کی دھمکی دینے کے علاوہ کولکاتہ شہر میں 26/11 جیسے دہشت گرد انہ حملوں کی سازش بھی رچ رہا تھا۔ اطلاعات کے مطابق ریگے نے اپنی دھمکی پر عمل درآمد کرنے کے مقصد سے وزیر اعلیٰ ممتا بنرجی کی رہائش گاہ کا بھی جائزہ لیا تھا۔

ممبئی پولیس کے ڈی سی پی تیجسوی ساتپے نے بتایا کہ کولکاتہ پولیس نے ریگے کی گرفتاری کے لیے باضابطہ طور پر ممبئی پولیس سے تعاون طلب کیا تھا۔ اس کے بعد ممبئی اور کولکاتہ پولیس کی ایک مشترکہ کارروائی میں ریگے کو ماہم کے علاقہ سے گرفتار کرلیا گیا اور ضابطے کی کارروائی کے بعد کولکاتہ پولیس اسے اپنے ساتھ کولکاتہ لے گئی ہے جہاں اس کے خلاف آگے کی کارروائی کی جائے گی۔ کولکاتہ پولیس کے مطابق ریگے نے کولکاتہ میں قیام کے دوران ممتا بنرجی اور ابھیشیک بنرجی کی رہائش گاہوں کی ریکی کی تھی۔ نیز اس نے ابھیشیک بنرجی کے نجی اور اس کے پرسنل اسسٹنٹ کے ٹیلی فون نمبروں تک رسائی حاصل کی تھی۔

واضح ہو کہ راجہ رام ریگے وہی شخص ہے جس کے مبینہ طور پر 26/11 ممبئی دہشت گرد انہ حملوں کی سازش رچنے والے ڈیوڈ کولمن ہیڈلی کے ساتھ تعلقات تھے۔ دہشت گرد انہ حملوں کے سلسلے میں استغاثہ نے ریگے کا بطور گواہ بیان بھی درج کیا تھا۔ اپنے بیان میں ریگے نے کہا تھا کہ اس نے دادر کے شیوسینا بھون کے قریب ہیڈلی سے ملاقات کی تھی، لیکن وہ ہیڈلی کو شہر میں دلچسپی رکھنے والے ایک غیر ملکی شہری کے طور پر جانتا تھا اور اس کی اصلیت سے لاعلم تھا۔

# این سی پی کی انتخابی منشور سے اقلیتوں کو لبھانے کی کوشش

### ہم نے اپنی آئیڈیالوجی پر کوئی سمجھوتہ نہیں کیا ہے بلکہ ترقی کے نام پر بی جے پی حمایت کی ہے: اجیت پوار

**ممبئی: (ایجنسی)** نائب وزیر اعلیٰ اجیت پوار کی قیادت والی این سی پی نے جنوبی ممبئی کے وانکھیڈے اسٹیڈیم کے گروار ے کلب میں منعقد تقریب میں لوک سبھا الیکشن کے لیے اپنا انتخابی منشور جاری کیا ہے۔ اس موقع پر اجیت پوار نے کہا کہ این سی پی نے اپنی آئیڈیالوجی سے کوئی سمجھوتہ نہیں کیا ہے، بلکہ ملک اور خصوصی طور پر مہاراشٹر کی ترقی اور بہتری کے لیے بی جے پی حکومت کی حمایت کی ہے۔ انہوں نے یقین دلایا کہ اقلیتی فرقے سے کوئی ناانصافی نہیں ہوگی۔ اس موقع پر نائب وزیر اعلیٰ اجیت پوار، وفاقی وکارگزار صدر، امپی رفل پٹیل، ریاستی صدر سنیل تٹکرے، سینئر لیڈر اور فوڈ اینڈ سیول سپلائیز کے وزیر چھگن بھجبل، میڈیکل ایجوکیشن کے وزیر حسن مشرف، ریلیف اور بازآبادکاری کے وزیر اتل پاٹل، وزیر زراعت دھننجے منڈے، خواتین و چائلڈ ڈیولپمنٹ کے وزیر ادیتی تٹاکرے، آبکاری کے نائب انسپکٹر نرہری جروال اور سابق ایم ایل اے بابا صدیقی موجود تھے۔ اسی دوران این سی پی کے ریاستی صدر سنیل تٹکرے نے کانگریس لیڈر اور سابق ایم ایل سی مناتی اتولے کے پارٹی میں شامل ہونے کا اعلان کیا ہے۔

اجیت پوار نے 'راشٹریہ وادی پارٹی راشٹر کے لیئے' کا نعرہ لگاتے ہوئے کہا کہ ہم سب کا ساتھ، سب کا وکاس کی مودی حکومت کی پالیسی کی حمایت کرتے ہیں، لیکن ہم اپنی آئیڈیالوجی سے کوئی سمجھوتہ نہیں کریں گے۔ انہوں نے یقین دلایا کہ اقلیتوں اور خصوصاً مسلمانوں کی فلاح و بہبود اور مختلف شعبوں اور تعلیمی میدان میں ترقی کے لیے ہرممکن تعاون کریں گے۔ انہوں نے کہا کہ این سی پی ریاست میں سماجی انصاف، اقلیتی و دیگر ادیتی تبالی تنظیم، آبکاری کے نائب انسپکٹر نرہری جروال اور سابق ایم ایل اے بابا صدیقی موجود تھے۔ اسی دوران این سی پی کے ریاستی صدر سنیل تٹکرے نے کانگریس لیڈر اور سابق ایم ایل سی مناتی اتولے کے پارٹی میں شامل ہونے کا اعلان کیا ہے۔

اجیت پوار نے 'راشٹریہ وادی پارٹی راشٹر کے لیئے' کا نعرہ لگاتے ہوئے کہا کہ ہم سب کا ساتھ، سب کا وکاس کی مودی حکومت کی پالیسی کی حمایت کرتے ہیں، لیکن ہم اپنی آئیڈیالوجی سے کوئی سمجھوتہ نہیں کریں گے۔ انہوں نے یقین دلایا کہ اقلیتوں اور خصوصاً مسلمانوں کی فلاح و بہبود اور مختلف شعبوں اور تعلیمی میدان میں ترقی کے لیے ہرممکن تعاون کریں گے۔ انہوں نے کہا کہ این سی پی ریاست میں سماجی انصاف، اقلیتی و دیگر ادیتی تبالی تنظیم، سماجی و بلند کرنے کے لیے سمی انگلش اسکولوں کا درجہ بحال کرنے کی کوششیں جاری رکھیں گے۔ جبکہ عازمین حج کے لیے خدمات اور سہولیات کی جامع پالیسی پر اصرار کیا جائے گا۔ اقلیتی لڑکیوں کے لیے تعلیم اور روزگار کے مواقع فراہم کرنا ماری ترجیح ہو گی۔ ہم اس کے لیے مرکزی خصوصی اقتصادی پالیسی بنانے کی کوشش جاری رکھیں گے۔

# فرد نویس سمیت بی جے پی لیڈران کی گرفتاری کا تھا منصوبہ

### ایم وی اے سرکار کے حوالے سے شندے کا انکشاف، ایم وی اے میں گزارے گئے وقت کو بتایا ذلت آمیز

**ممبئی: (ایجنسی)** مہاراشٹر کے وزیر اعلیٰ ایکناتھ شندے نے دعویٰ کیا ہے کہ سابق وزیر اعلیٰ ادھو ٹھاکرے کی قیادت والی ایم وی اے سرکار ریاستی بی جے پی کے ممتاز لیڈران کی گرفتاری کا منصوبہ رکھتی تھی جن میں موجودہ نائب وزیر اعلیٰ دیویندر فرڈنویس کا نام بھی شامل ہے۔ ایم وی اے سرکار میں شہری ترقیات کے وزیر رہے ایکناتھ شندے نے انگریزی اخبار ٹائمز آف انڈیا کو دیے گئے خصوصی انٹرویو میں یہ دعویٰ کیا ہے۔ اس دوران وزیر اعلیٰ شندے نے کہا کہ ان کی قیادت والی شیوسینا ریاست میں 16 پارلیمانی نشستوں پر الیکشن لڑے گی جن میں ممبئی کی 3 نشستیں بھی شامل ہیں۔ انہوں نے کہا کہ مہایوتی میں نشستوں کی تقسیم کے تعلق سے کوئی اختلاف نہیں ہے اور ہم ترقی کے موضوع پر ہم چلاتے ہیں۔ 2019 میں 42 نشستوں پر کامیابی کا ریکارڈ توڑ دیں گے۔

انٹرویو کے دوران وزیر اعلیٰ شندے نے دعویٰ کیا کہ ادھو ٹھاکرے کی قیادت والی سابقہ ایم وی اے سرکار نے جون 2022 میں بی جے پی لیڈران دیویندر فرڈنویس، آشیش شیلار، گریش مہاجن اور پروین دریکر کو گرفتار کرنے کا منصوبہ بنایا تھا۔ شندے نے کہا کہ مہاکاس اگھاڑی (ایم وی اے) کی تشکیل سے قبل ہی اس وقت کے وزیر اعلیٰ بننے کا خواب رکھتے تھے اور اسی مقصد کے تحت شیوسینا نے ایم وی اے میں شمولیت اختیار کی تھی۔ شندے نے کہا کہ ادھو اپنے والد کی طرح کنگ میکر بننے کے بجائے خود کنگ بنا چاہتے تھے۔

ایکناتھ شندے نے مزید کہا کہ ایم وی اے حکومت میں بطور وزیر گزارنا گیا عرصہ مسلسل تذلیل سے بھرا ہوا تھا اور ان کے معاملات میں ٹھاکرے خاندان کی جانب سے مسلسل خلل دیا جاتا تھا۔ میں محکمہ شہری ترقیات کا وزیر تھا لیکن مجھے آزادانہ کام کرنے کی اجازت نہیں دی گئی اور ہر مرحلے پر آدیتیہ ٹھاکرے کی جانب سے مداخلت ہوتی رہتی تھی۔ شندے نے دعویٰ کیا کہ پارٹی کی تقسیم سے قبل ٹھاکرے خاندان ان سے شہری ترقیات کے محکمے کا قلمدان واپس لینے کا منصوبہ بنارہا تھا۔ نکسیوں کی دھمکی کے باوجود زیڈ پلس سیکورٹی نہیں دی گئی تھی۔ ٹھاکرے خاندان کا خیال تھا کہ میں آدیتیہ ٹھاکرے کے وزیر اعلیٰ بننے کی راہ میں رکاوٹ بن سکتا ہوں۔

# ممبئی: بی جے پی کے ریاستی دفتر میں آتش زدگی

**ممبئی: (ایجنسی)** جنوبی ممبئی کے نریمان پوائنٹ پر واقع بھارتیہ جنتا پارٹی کے ریاستی دفتر پر اتوار کی شام آتش زدگی کا واقعہ پیش آیا ہے۔ خوش قسمتی سے اس حادثہ میں کوئی زخمی نہیں ہوا ہے۔ ممبئی فائر بریگیڈ افسر کے مطابق یہ آگ شام 4 بج کر 35 منٹ پر لگی تھی، جس پر صرف 10 منٹ میں قابو پالیا گیا تھا۔ واقعہ کے بارے میں معلومات دیتے ہوئے فائر بریگیڈ کے ایک اہلکار نے بتایا کہ آگ نچلی کے تاروں تک محدود تھی اور اس میں کوئی زخمی نہیں ہوا ہے۔ ممبئی فائر بریگیڈ کے اہلکاروں کو اتوار کی شام بی جے پی کے پارٹی دفتر میں آگ لگنے کی اطلاع ملی جس پر پولیس، بیسٹ اور بی ایم سی وارڈ کے عملے سمیت متعدد ایجنسیاں موقع پر پہنچ گئی تھیں۔

# 'ماڈل ضابطہ اخلاق کی خلاف ورزی پر کارروائی کا ریکارڈ نہیں'

**ممبئی: (ایجنسی)** الیکشن کمیشن آف انڈیا نے حال ہی میں واضح کیا ہے کہ اس کے پاس ماڈل ضابطہ اخلاق کی خلاف ورزی سمیت دیگر مدوں کے لیے اراکین پارلیمنٹ کے خلاف کی گئی تعزیری کارروائیوں کا ریکارڈ موجود نہیں ہے۔ الیکشن کمیشن آف انڈیا نے یہ وضاحت ایک آر ٹی آئی درخواست کے جواب میں دی ہے۔ آر ٹی آئی کی درخواست میں 2014 سے ماڈل ضابطہ اخلاق کی خلاف ورزی پر اراکین پارلیمان کو جاری کیے گئے نوٹس اور ان کے خلاف شروع کی گئی کارروائیوں کی تفصیلات طلب کی گئیں تھیں۔ درخواست کے جواب میں ملک بھر میں انتخابات کے انعقاد اور ان کی نگرانی کرانے والے آئینی ادارے نے کہا ہے کہ اس کے پاس کوئی منظم ڈیٹا موجود نہیں ہے۔ الیکشن کمیشن نے کہا ہے کہ جاری کردہ نوٹس اور کی گئی کارروائیوں کا ریکارڈ رکھنے سے ادارے کے وسائل پر غیر متناسب بوجھ پڑے گا۔ ایک آر ٹی آئی کارکن کے مطابق آئین کا آرٹیکل 324 الیکشن کمیشن کو پارلیمنٹ اور ریاستی مقننہ کے انتخابات کے ساتھ ساتھ صدر اور نائب صدر کے انتخابات کی نگرانی کا اختیار دیتا ہے۔

# وارداتوں میں استعمال ہوئے ریوالور کیلئے چلائی گئی تلاشی مہم

### سلمان خان کی رہائش گاہ پر فائرنگ کرنے والے افراد نے آتشیں اسلحہ سورت کی ایک ندی میں پھینک دیا تھا

**ممبئی: (ایس این بی)** فلم اداکار سلمان خان کی رہائش گاہ پر فائرنگ کے معاملے میں استعمال ہوئے ریوالور کی تلاش کے لیے ممبئی کرائم برانچ نے گجرات کے شہر سورت میں تلاشی مہم چلائی جارہی ہے جس کے لیے مقامی غوطہ خوروں کی مدد لی گئی ہے۔ کرائم برانچ کے مطابق ملزمین نے بہار کے چھپاپران میں واردات انجام دینے کی تربیت حاصل کی تھی اور بہار سے ریوالور بھی لے کر آئے تھے۔ جسے واردات انجام دینے کے بعد سورت کی ندی میں پھینک دیا گیا تھا۔ آتشیں اسلحہ معاملے میں ایک اہم ثبوت کی حیثیت رکھتا ہے اور ممبئی کرائم برانچ اسے تلاش کرنا ضروری مان رہی ہے۔ اطلاعات کے مطابق وکی گپتا نامی ملزم کو اس مقام کی نشاندہی کے لیے کرائم برانچ

کے ساتھ سورت لے جایا گیا تھا جہاں اس نے ہتھیار ندی میں پھینک گئے۔

اس معاملے میں اب تک 8 گواہان کے بیانات درج کیے گئے ہیں اور ملزمین سے سختی سے باز پرس جاری ہے۔ کرائم برانچ کے مطابق ملزمین کو بہار میں 2 افراد نے ہتھیار فراہم کیے تھے جن کی شناخت اب تک نہیں ہوسکی ہے۔ ممبئی کرائم برانچ کی ٹیم سورت میں تیسرے دن اور ایسے تمام افراد سے باز پرس کی جارہی ہے جو بالواسطہ یا بلاواسطہ طور پر اس معاملے میں ملوث ہیں۔ اس سلسلے میں ملزمین کے رشتہ داروں سے بھی بیان ریکارڈ کیا گیا ہے اور اداکار کے اہل خانہ کا بھی بیان ریکارڈ کیا گیا ہے۔

ممبئی کرائم برانچ نے ملزمین کے خلاف ایف آئی آر میں تین نئی دفعات شامل کیں۔ مقدمے میں آئی پی سی 506(2) (دھمکی)، 115 (اکسانے) اور 201 (ثبوت کے ساتھ چھیڑ چھاڑ) کے تحت دفعات شامل کی گئی ہیں۔ ممبئی کرائم برانچ کے حکام نے انکشاف کیا ہے کہ جیل میں بند لینگ بشنوئی اور بشنوئی گینگ کے چھوٹے بھائی انمول بشنوئی نے حملے کے بعد فیس بک پوسٹ کے ذریعے سلمان کے گھر کے باہر فائرنگ کی ذمہ داری قبول کی تھی، جسے اس کیس کے سلسلے میں مطلوب قرار دیا گیا ہے۔

# لارنس بشنوئی کے نام پر جتیندر اوہاڈ کو دھمکی، ہفتہ کا مطالبہ

**ممبئی: (ایس این بی)** فلم اداکار سلمان خان کی رہائش گاہ پر سوشل میڈیا پلیٹ فارم انسٹاگرام پر اسے شیٹر ٹریڈنگ کے ذریعے پیسے کمانے کے اشتہار کے ساتھ ایک لنک نظر آیا تھا۔ مذکورہ لنک پر کلک کرنے سے وہ ایک ٹیلی گرام گروپ میں شامل ہوگیا جس میں بہت سارے لوگ تھے جو شیئر ٹریڈنگ سے ملنے والے منافع کی بات کررہے تھے۔ شکایت کنندہ کے مطابق اس نے بھی لائچ میں آکر دسمبر 2023 اور جنوری 2024 کے درمیان 16 اور 13 لاکھ کی سرمایہ کاری کی تھی۔ اس سرمایہ کاری کے لیے اس کا ایک ورچیول اکاؤنٹ بنایا گیا تھا جس میں وہ اپنی سرمایہ کاری پر آنے والا منافع دیکھ سکتا تھا۔ ورچیول اکاؤنٹ کے مطابق اس نے سرمایہ کاری پر 31 لاکھ روپے تک کمائے تھے۔ لیکن وہ اس رقم کو نکالنے میں کامیاب نہیں ہوسکا تھا۔ اس نے رقم نکالنے کے لیے ملزمین سے رابطہ کیا تو انہوں نے مختلف بہانے بنائے جس کے بعد اسے دھوکہ دہی کا احساس ہوا اور اس نے 8 مارچ کے روز سائبر سیل میں شکایت درج کروائی تھی۔

اہلکار نے بتایا کہ سائبر سیل نے فوری کارروائی کرتے ہوئے 11 لاکھ روپے منجمد کیے اور تفتیش سے معلوم کیا کہ شکایت کنندہ کی رقم کل 15 بینک کھاتوں میں منتقل کی گئی ہے جس میں سے ایک بینک اکاؤنٹ گرفتار ملزم دیپک جالو کے نام پر تھا۔ مزید تفتیش میں انکشاف ہوا کہ جالو کو اپنا بینک اکاؤنٹ دھوکہ دہی کے استعمال کرنے پر 50 ہزار روپے دیے گئے تھے اور یہ رقم دوسرے گرفتار ملزم ونیت باہتی نے دی تھی۔ سائبر سیل کو اس معاملے میں مزید 3 سے 4 مشتبہ افراد کی تلاش ہے۔

# نابالغ کی آبروریزی کا الزام، 52 سالہ رشتہ دار گرفتار

### 24 سالہ متاثرہ کو 17 برس کی عمر سے بنایا جارہا تھا استحصال کا نشانہ

**ممبئی: (ایجنسی)** ممبئی کی دیونار پولیس نے 17 سالہ لڑکی کو طویل عرصہ سے جنسی ہوس کا نشانہ بنانے کے الزام میں ایک 52 سالہ شخص کو گرفتار کیا ہے۔ متاثرہ کی عمر آج 24 برس ہے اور ملزم کی جانب سے اسے 17 برس کی عمر سے نشانہ بنایا جارہا تھا۔ اس سلسلے کا انکشاف اس وقت ہوا جب متاثرہ کو ہفتہ کے روز طبی جانچ کے دوران حاملہ پایا گیا تھا۔ پولیس کے مطابق ملزم کے متاثرہ کے والدین سے قریبی تعلقات تھے۔

تفصیلات کے مطابق متاثرہ 17 برس کی عمر سے وقت گزاری کے لیے قریبی رشتہ دار ملزم کے کھوڑی میں واقع گھر جایا کرتی تھی۔ ملزم کی جانب سے اس وقت سے ہی اس کا جنسی استحصال کیا جارہا تھا۔ متاثرہ نے اپنے ساتھ پیش آئے واقعات کا تذکرہ والدین سے نہیں کیا کیونکہ ملزم نے اس صورت میں اسے نقصان پہنچانے کی دھمکی دی تھی۔ گزشتہ ہفتہ کے آغاز میں متاثرہ کی ماں نے اپنی بیٹی میں غیر معمولی تبدیلی دیکھی تو اسے چیک اپ کے لیے اسپتال لے گئی، جہاں متاثرہ کے 4 ماہ کی حاملہ ہونے کا انکشاف ہوا۔ والدین کی پوچھ تاچھ میں متاثرہ نے اپنی طویل آزمائش کا ذکر کیا تھا۔

اہلکار نے بتایا کہ سارا معاملہ علم میں آنے کے بعد متاثرہ کے والد نے اس کے ساتھ پولیس کار ٹج کیا جہاں ان کی شکایت پر ایف آئی آر درج کی گئی تھی۔ ایف آئی آر کے اندراج کے بعد ایک گھنٹے میں ہی ملزم کو گرفتار کرلیا گیا تھا۔ طبی معائنے کے بعد اسے عدالت میں پیش کیا گیا جہاں سے اسے 3 دنوں کے لیے پولیس کی تحویل میں دے دیا گیا ہے۔ اس کے خلاف تعزیرات ہند اور پوکسو ایکٹ کی متعلقہ دفعات کے تحت مقدمہ درج کیا گیا ہے۔

# گھاٹکوپر: 16 سالہ لڑکے کا بے رحمانہ قتل، مفرور ملزم گرفتار

### کرائم برانچ یونٹ 7 نے تھانے کے دیوا میں روپوش ملزم پر کسا شکنجہ، قتل کے اسباب و محرکات کی تفتیش جاری

**محمد جاوید شیخ**

**ممبئی: (ایس این بی)** ممبئی کرائم برانچ نے گھاٹکوپر میں 16 سالہ نوجوان پر قاتلانہ حملے کا معاملہ 10 گھنٹوں میں حل کرتے ہوئے مفرور ملزم کی گرفتاری میں کامیابی حاصل کی ہے۔ حملے میں شدید طور پر زخمی ہوئے نابالغ کی اسپتال میں دوران علاج موت واقع ہوگئی تھی۔ گرفتار شخص سے پولیس تحقیقات میں مصروف ہے۔

تفصیلات کے مطابق گھاٹکوپر میں نابالغ پر ہوئے قاتلانہ حملے کے بعد کرائم برانچ کی یونٹ 7 نے معاملے کی تحقیقات کے لیے 4 ٹیمیں تشکیل دی تھیں۔ اسی دوران اسپتال میں زیر علاج نابالغ کی موت واقع ہوگئی جس پر پولیس نے مفرور ملزم کے خلاف قتل کا مقدمہ درج کیا تھا۔ تحقیقاتی ٹیموں نے جائے وقوع پر پہنچ کر کرائم سین کا جائزہ لیا تھا۔ ابتدائی طور پر کرائم برانچ کے پاس قاتل کا کوئی سراغ نہیں تھا اور نہ ہی قاتلانہ حملے کی وجہ معلوم ہوسکی تھی۔ کرائم برانچ نے مفرور ملزم کے تعلق سے اپنے نیٹ ورک کو ارلٹ کیا اور جلد ہی کرائم برانچ کو اطلاع ملی کہ واردات میں ملوث شخص تھانے کے دیوا میں ایک مقام پر چھپا ہوا ہے۔ اس اطلاع پر کرائم برانچ نے چھاپہ مار کارروائی کرتے ہوئے ملزم کو گرفتار کرلیا ہے۔ یہ کارروائی ممبئی پولیس کمشنر دیو یک جیسلکر کی سربراہی میں جوائنٹ پولیس کمشنر کلیم شیخ اور وشال ٹھاکر کی ایما پر انجام دی گئی ہے۔

کرائم برانچ کے ذرائع کے مطابق قتل کی وجہ ابھی معلوم نہیں ہوسکی ہے اور گرفتار ملزم سے اس تعلق سے باز پرس جاری ہے۔ ابتدائی اطلاع کے مطابق ملزم نے منتقول پر تیز دھار چاقو سے کئی وار کیے تھے جس کے نتیجے میں وہ شدید طور پر زخمی ہوگیا تھا۔ ملزم سے معلوم کیا جارہا ہے کہ اس نے حملہ کیوں کیا تھا اور مزید کتنے افراد اس کے ساتھ واردات میں شامل تھے۔

# ڈیپ فیک کے خلاف رنویر سنگھ نے درج کرائی ایف آئی آر

### وائرل ویڈیو میں رنویر سنگھ وزیر اعظم مودی پر تنقید کررہے ہیں، اس سے قبل عامر خان نے بھی کی تھی شکایت

**ممبئی: (ایجنسی)** معروف ہندی فلم اداکار رنویر سنگھ نے سوشل میڈیا پر گردش کررہے ایک ڈیپ فیک ویڈیو کے حوالے سے ممبئی پولیس میں ایف آئی آر درج کروائی ہے۔ حالانکہ اس میں اداکار رنویر سنگھ کی ایک ڈیپ فیک ویڈیو منظر عام پر آئی تھی جس میں وہ ایک سیاسی پارٹی کے لیے کچھ کہتے ہوئے نظر آئے تھے۔ پچھتی دیر میں یہ ویڈیو سوشل میڈیا پر وائرل ہوگیا۔ جس کے بعد انہوں نے اس سلسلے میں پولیس میں شکایت درج کرائی ہے۔ فلم اداکار کے ترجمان نے مبینہ طور پر میڈیا سے تیار کردہ ڈیپ فیک ویڈیو کے خلاف پولیس میں شکایت درج کروانے کی تصدیق کی ہے۔

تفصیلات کے مطابق ڈیپ فیک ویڈیو میں رنویر سنگھ کہتے نظر آتے ہیں کہ مودی جی کا مقصد ہماری قلم اداکار رنویر سنگھ کا ہمارے درد کا، ہماری بیروزگاری کا اور ہماری مہنگائی کا۔ ہم جو بھارت کے لوگ ہیں اب نہایت تیزی سے بے انصافی کے دور کی طرف بڑھ رہے ہیں۔ لیکن ہمیں ہماری ترقی اور انصاف کا مطالبہ نہیں بھولنا چاہیے۔ اطلاعات کے مطابق ڈیپ فیک میں جس ویڈیو کا استعمال کیا گیا ہے وہ رنویر سنگھ کے حالیہ وارسی دورے کی ہے جس میں وہ وارسی شہر کے تعلق سے اپنے تجربات بیان کررہے تھے۔

بابی ووڈ کی معروف شخصیات کو سیاسی حوالے سے ڈیپ فیک کا شکار بنانے کا یہ دوسرا معاملہ ہے۔ اس سے قبل اداکار عامر خان نے بھی اپنے ڈیپ فیک ویڈیو کے خلاف پولیس میں شکایت درج کروائی تھی۔ عامر خان کے ڈیپ فیک ویڈیو میں وزیر اعظم نریندر مودی کے 2014 کے الیکشن کے دوران ہر شہری کو 15 لاکھ روپے دینے کے وعدہ کا مذاق اڑایا گیا تھا اور رائے دہندگان سے سوچ سمجھ کر اپنا جمہوری حق استعمال کرنے کی اپیل کی گئی تھی۔ مذکورہ ویڈیو منظر عام پر آنے کے بعد عامر خان نے ہاندرہ پولیس اسٹیشن میں ایف آئی آر درج کروائی تھی اور وضاحت کی تھی کہ وہ کسی بھی سیاسی پارٹی کے حامی نہیں ہیں اور نامعلوم افراد کی جانب سے ان کی شبیہ کا غیر قانونی استعمال کیا جارہا ہے۔

# سابق اسسٹنٹ پولیس کمشنر بنا مالیاتی دھوکہ دہی کا شکار

### ڈیجیٹل مارکیٹنگ کمپنی کے 3 مالکان کیخلاف ایم آئی ڈی سی پولیس میں 98 لاکھ کے فراڈ کا مقدمہ درج

**ممبئی: (ایجنسی)** پونے میں مقیم 61 سالہ سکیدش اسسٹنٹ پولیس کمشنر دیاپتی نیش دیواڑے نے ممبئی کے ایم آئی ڈی سی پولیس اسٹیشن میں ایک ڈیجیٹل مارکیٹنگ کمپنی کے خلاف 98,36 لاکھ روپے کی دھوکہ دہی اور جعل سازی کا مقدمہ درج کروایا ہے۔ شکایت کنندہ کے مطابق کبیر ڈیجیٹل مارکیٹنگ نامی کمپنی کے جسبیر سنگھ، بھاوین شاہ اور پرمود گاگوڑے نے انہیں بھاری منافع کا لالچ دیتے ہوئے سرمایہ کاری پر آمادہ کیا تھا۔

ایف آئی آر کے مطابق شکایت کنندہ قریب 20 برس سے بھاوین شاہ نامی ملزم کا دوست ہے۔ مارچ 2020 میں شاہ دیگر 2 ملزمین جسبیر سنگھ اور پرمود گاگوڑے کے ساتھ ایم آئی ڈی سی میں واقع شکایت کنندہ کے دفتر پہنچے۔ شاہ نے دیگر 2 کو اپنے بزنس پارٹنرس کے طور پر متعارف کروایا تھا۔ اس ملاقات کے کچھ دن بعد شاہ نے شکایت کنندہ کو بتایا کہ اس نے اپنی دونوں پارٹنرس کے ساتھ کبیر ڈیجیٹل مارکیٹنگ کے نام سے ایک فرم شروع کی ہے جس میں سرمایہ کاری پر انہیں بھاری منافع مل سکتا ہے۔ شاہ نے شکایت کنندہ کو بتایا کہ ان کی کمپنی نے مہاراشٹر میں مختلف جگہوں پر زمین خریدی ہے۔ سرمایہ کاری کی صورت میں ان میں سے کچھ پلاٹوں کی ملکیت شکایت کنندہ کے نام منتقل کی جائے گی۔

شکایت کنندہ کے مطابق ستمبر 2020 میں اس نے 15 لاکھ روپے کی سرمایہ کاری کی تھی۔ بعد میں مارچ 2021 میں اس نے اپنی بیٹی کے نام پر مزید 15 لاکھ، اپریل 2021 میں 10 لاکھ اور اپنے بیٹے کے نام پر 35 لاکھ کی سرمایہ کاری کے ساتھ مجموعی طور پر 75 لاکھ کی سرمایہ کاری کی تھی۔ شکایت کنندہ اور ملزمین کے درمیان مفاہمت نامہ پر دستخط ہوئے تھے۔ تاہم معاہدہ کے مطابق ملزمین اگست 2022 سرمایہ کاری کی رقم واپس کرنے میں ناکام رہے تھے۔ شکایت کنندہ کے مطابق معاہدہ کے مطابق انہیں 75 لاکھ کی رقم اور اس پر 23,76 لاکھ کا منافع ملنا تھا تاہم نہ انہیں اصل رقم ملی ہے اور نہ ہی منافع حاصل ہوسکا ہے۔ سابق اسسٹنٹ پولیس کمشنر کی شکایت پر ملزمین کے خلاف مہاراشٹر پروہیبیشن آف انٹرسٹ آف ڈپازٹرز ایکٹ اور تعزیرات ہند کی دفعات کے تحت مقدمہ درج کیا گیا ہے۔

# شیئر ٹریڈنگ کے نام پر 16 لاکھ کا فراڈ، ایم پی سے 2 گرفتار

### ایم پی اے گریجویٹ کی شکایت پر ویسٹ ریجن سائبر سیل کی کارروائی، مزید 3 سے 4 افراد کی تلاش جاری

**ممبئی: (ایجنسی)** ممبئی کرائم برانچ کے ویسٹ ریجن سائبر سیل نے مدھیہ پردیش کے دو لوگوں کو شیئر ٹریڈنگ کے آڑ میں 16.31 لاکھ روپے کی دھوکہ دہی کے الزام میں گرفتار کیا ہے۔ پولیس افسر کے مطابق دونوں ملزمان کے پاس بی فارما کی ڈگریاں ہیں اور وہ مل کر فارمیسی کا کاروبار کرتے ہیں۔ گرفتار شدگان کی شناخت دیپک جالو (29) اور ونیت باہتی (34) کے طور پر ہوئی ہے۔

ایک پولیس اہلکار کے مطابق فنانس کمپنی کے کام کرنے والے 39 سالہ ایم پی اے گریجویٹ نے اس سلسلے میں شکایت درج کروائی تھی۔ شکایت کنندہ کے مطابق سوشل میڈیا پلیٹ فارم انسٹاگرام پر اسے شیئر ٹریڈنگ کے ذریعے پیسے کمانے کے اشتہار کے ساتھ ایک لنک نظر آیا تھا۔ مذکورہ لنک پر کلک کرنے سے وہ ایک ٹیلی گرام گروپ میں شامل ہوگیا جس میں بہت سارے لوگ تھے جو شیئر ٹریڈنگ سے ملنے والے منافع کی بات کررہے تھے۔ شکایت کنندہ کے مطابق اس نے بھی لائچ میں آکر دسمبر 2023 اور جنوری 2024 کے درمیان 16 اور 13 لاکھ کی سرمایہ کاری کی تھی۔ اس سرمایہ کاری کے لیے اس کا ایک ورچیول اکاؤنٹ بنایا گیا تھا جس میں وہ اپنی سرمایہ کاری پر آنے والا منافع دیکھ سکتا تھا۔ ورچیول اکاؤنٹ کے مطابق اس نے سرمایہ کاری پر 31 لاکھ روپے تک کمائے تھے۔ لیکن وہ اس رقم کو نکالنے میں کامیاب نہیں ہوسکا تھا۔ اس نے رقم نکالنے کے لیے ملزمین سے رابطہ کیا تو انہوں نے مختلف بہانے بنائے جس کے بعد اسے دھوکہ دہی کا احساس ہوا اور اس نے 8 مارچ کے روز سائبر سیل میں شکایت درج کروائی تھی۔

اہلکار نے بتایا کہ سائبر سیل نے فوری کارروائی کرتے ہوئے 11 لاکھ روپے منجمد کیے اور تفتیش سے معلوم کیا کہ شکایت کنندہ کی رقم کل 15 بینک کھاتوں میں منتقل کی گئی ہے جس میں سے ایک بینک اکاؤنٹ گرفتار ملزم دیپک جالو کے نام پر تھا۔ مزید تفتیش میں انکشاف ہوا کہ جالو کو اپنا بینک اکاؤنٹ دھوکہ دہی کے استعمال کرنے پر 50 ہزار روپے دیے گئے تھے اور یہ رقم دوسرے گرفتار ملزم ونیت باہتی نے دی تھی۔ سائبر سیل کو اس معاملے میں مزید 3 سے 4 مشتبہ افراد کی تلاش ہے۔

Anjuman-I-Islam's
BEGUM JAMILA HAJI ABDUL HAQ
COLLEGE OF HOME SCIENCE
Affiliated to the S.N.D.T. Women's University, Mumbai
92, Dr. D. N. Road, Opp. C.S.T., Mumbai - 400 001.
Tel.: 022 22630118 Email: aiibjhahdegreecollege@yahoo.com
REQUIRES
Applications for filling up the following posts are invited